بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بخدمت جناب چیرمین ''پیمرا'' اسلام آباد

جناب عالی! اسلام علیکم!

گزارش ہے کہ ۱۱؍جون 2016ء، 5؍رمضان المبارک 1437 بروز ہفتہ، ''آج'' ٹی وی چینل کی شام کی نشریات میں حمزہ علی عباسی کی میزبانی میں ''رمضان ہمارا ایمان'' پروگرام میں اینکر پرسن نے اُمت کے چودہ سوسالہ متفقہ عقیدۂ ختم نبوت میں تشکیک پیدا کرنے کی شعوری کوشش کی اور 1974ء میں قادیانیوں کو قومی اسمبلی میں غیر مسلم اقلیت قرار دیے جانے کے فیصلے کو ہدفِ تنقید بنایا اور کہا کہ ''ریاست'' کا یہ حق نہیں کہ وہ کسی کو غیر مسلم ڈکلیئر کرے۔

جناب والا! قادیانی اسلاماً اور قانوناً غیر مسلم اقلیت ہیں لیکن قادیانی اس فیصلے کو نہ صرف تسلیم نہیں کرتے بلکہ اس آئینی ودستوری فیصلے کے خلاف دنیا بھر میں مہم چلا رہے ہیں۔ قادیانی اپنے آپ کو مسلمان اور دنیا بھر کے مسلمانوں کو کافر قرار دیتے ہیں۔ 1973ء کے آئین میں درج اپنی متعینہ حیثیت تسلیم کرنے سے انکاری ہیں۔ ایسے میں ایک ٹی وی چینل پر اس قسم کی گمراہ کن گفتگو معاشرے میں انارکی پھیلانے کی شعوری کوشش ہے۔ اندریں حالات آں جناب سے درخواست ہے کہ ''آج'' ٹی وی چینل اور متعلقہ ذمہ داران کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے۔

والسلام

عبداللطیف خالد چیمہ

کنو یز متحدہ تحریک ختم نبوت رابطہ کمیٹی پاکستان

سیکرٹری جنرل مجلس احرار اسلام پاکستان

69؍سی، نیو مسلم ٹاؤن، وحدت روڈ لاہور

0300-6939453

13-06-2016

پیمرا ہیڈ کوارٹرز

ماؤ ایریا، G-8/1، اسلام آباد